ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔
فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی09فروری 2019ء:۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ایک سلسلہ بعنوان (مہمان کے ساتھ ایک گھنٹہ) کے تحت امروز جناب افضل علی شگری سابقہ آئی جی سندھ نے شرکت کی۔آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے اس موقع پر انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے انکا استقبال کیا۔مذکورہ عنوان پر منعقدہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں سی پی او کے جملہ سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

اس اہم نشست میں افضل علی شگری نے اپنے پیشہ وارانہ امور،تجربات اور تجزیات کے ساتھ ساتھ عملی زندگی میں پیش آنیوالے مختلف واقعات،چیلنجز سے نمٹنے اور عوام اور پولیس کے مابین دوستانہ ماحول کے فروغ سے بالخصوص جرائم کے انسداد اور معاشرے میں امن وامان کے فروغ جیسے اقدامات پر مشتمل سیر حاصل معلومات سے شرکاء کو مستفید کیا۔سابقہ آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ عوام کے ساتھ تھانہ جات یا کسی بھی شعبہ پولیس میں احسن سلوک برتاؤ سے جہاں پولیس پر عوام کا اعتماد بحال ہوتا ہے وہیں ایسے شہری کہ جنکی شکایات کا بروقت ازالہ اگر یقینی طور پر کردیا جائے تو پولیس کی کارکردگی اور نیک نامی میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے کو ملتا ہے۔

آئی جی سندھ نے مہمان کیجانب سے سندھ پولیس کو فراہم کردہ مفید معلومات تجزیوں اور تجربات پر انکا شکریہ ادا کیا۔

؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔